E-mail
ausafgilgit@gmail.com
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف
گلگت بلتستان
DAILY AUSAF
Gilgit Baltistan

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 10 | اتوار، 25 ذوالحج 1441ھ، 16 اگست 2020ء، یکم بھادوں 2077ب، صفحات 8 قیمت 15 روپے | شمارہ: 213

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
روزنامہ اوصاف

اپیلیٹ کورٹ گلگت، سکردو برانچ میں جشن آزادی کی تقریبات

گلگت (نمائندہ خصوصی) سپریم اپیلیٹ کورٹ گلگت اور رجسٹری برانچ سکردو میں جشن آزادی پاکستان کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریبات، چیف جج سپریم اپلیٹ کورٹ گلگت بلتستان جسٹس سید ارشد حسین شاہ نے رجسٹری برانچ سکردو میں یوم آزادی پاکستان کے موقع ایک پروقار سادہ تقریب میں پرچم کشائی کی اس موقع پہ چیف جج سپریم اپلیٹ کورٹ گلگت بلتستان سید ارشد حسین شاہ نے اپنے مختصر خطاب میں وطن عزیز کے لیے جانوں کی نذرانہ دینے والے عظیم شہدا کو خراج عقیدت اور جشن آزادی کے پرمسرت موقع پہ تمام سول فوجی و عدلیہ کے اعلیٰ حکام کو مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پہ پولیس کے چاک وچوبند دستے نے سلامی دی جبکہ مین آفس سپریم اپلیٹ کورٹ گلگت میں رجسٹرار سپریم اپلیٹ کورٹ نیاز محمد خان نے پرچم کشائی کی اس موقع پہ پولیس کے چاک وچوبند دستے نے سلامی دی تقریب میں جسٹس شکیل احمد، منسٹر یسین ملک ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بلتستان ریجن لقمان حکیم سول اور عدلیہ کے اعلیٰ حکام کورٹ کے اعلیٰ آفیسران اور دیگر سٹاف کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

گلگت: سپریم اپیلیٹ کورٹ گلگت بلتستان کے چیف جسٹس سید ارشاد حسین شاہ جشن آزادی کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں